10 سالانہ بجٹ 08-2007ء کا جائزہ

10.1 عمومی جائزہ

اسٹیٹ بینک اور اس کے ذیلی اداروں کے کل اخراجات تین اہم زمروں میں منقسم ہیں یعنی کارپوریٹ اخراجات، قائم اخراجات اور رواں اخراجات۔ اسٹیٹ بینک کے اصل اور میزانیہ اخراجات کا مختصر تقابل **شکل 10.1** اور **جدول 10.1** میں دکھایا گیا ہے۔

کل اخراجات کے لحاظ سے ان مدوں کا باہمی حجم **جدول 10.2** سے ظاہر ہے۔

شکل 10.1: بجٹ بمقابلہ اصل اخراجات (ملین روپے)



جیسا کہ ذیل میں دکھایا گیا ہے، اسٹیٹ بینک اور اس کے ذیلی اداروں کے مجموعی اخراجات 12 ارب 97 کروڑ روپے تھے جبکہ 13 ارب 19 کروڑ 80 لاکھ کا بجٹ بنایا گیا تھا اس طرح 22 کروڑ 80 لاکھ روپے یعنی 1.7 فیصد کا مثبت فرق رہا۔ تینوں اہم مدوں میں بجٹ کے مقابلے میں اصل خرچ کا فرق **جدول 10.1** میں دکھایا گیا ہے۔

10.2 کارپوریٹ اخراجات

بینک کے کارپوریٹ اخراجات تین اجزا پر مشتمل ہیں یعنی نیشنل بینک کا ایجنسی کمیشن، کرنسی نوٹوں کی طباعت کا خرچ اور آئی ایم ایف کے اسپیشل ڈرائنگ رائٹس کے چارجز۔ مختلف مدوں میں کارپوریٹ اخراجات اس طرح ہوئے:

جدول 10.1: اسٹیٹ بینک کا سالانہ بجٹ جائزہ برائے 08-2007ء

ملین روپے

نمبر شمار	مد	بجٹ	اصل☆	فرق	فیصدی فرق
			مجموعی		
1	کارپوریٹ	6,363	6,395	-32	-0.5
2	قائم	4,393	4,301	92	2.1
3	رواں	2,442	2,274	168	6.9
	میزان	13,198	12,970	228	1.7

☆ اس میں ریٹائرمنٹ کے فوائد اور دیگر غیر میزانیہ اخراجات شامل نہیں۔

1۔ **ایجنسی کمیشن چارجز:** نیشنل بینک آف پاکستان کو حکومتی لین دین اور تمسکات کی مد میں اسٹیٹ بینک کی طرف سے معاہدے کے تحت ایجنسی کمیشن ادا کیا جاتا ہے۔ حکومتی لین دین کا حجم بڑھنے کی بنا پر ایجنسی کمیشن میں 4 کروڑ روپے یعنی 1.5 فیصد کا منفی فرق آیا۔

جدول 10.2: مالی سال 08ء کے دوران محاصل اخراجات کی تفصیل

مد	بجٹ	اصل
کارپوریٹ	48	49
قائم	33	33
رواں	19	18
کل	100	100

جدول 10.3: اصل رقم کا بجٹ سے فرق (فیصد)

مد	بجٹ
کارپوریٹ	0.5(-)
قائم	2.1(+)
رواں	6.9(+)
کل	1.7(+)

2۔ کرنسی نوٹوں کی طباعت کے چارجز: کرنسی نوٹ چھاپنے کے اخراجات میں 10 کروڑ 50 لاکھ روپے یعنی 3.5 فیصد کا منفی فرق رہا جو بالترتیب تعداد (22 کروڑ 40 لاکھ روپے) اور نرخ (11 کروڑ 90 لاکھ روپے) کے فرق کی وجہ سے تھا۔

3۔ اسپیشل ڈرائنگ رائٹس کے چارجز: ایس ڈی آر کے چارجز 11 کروڑ 30 لاکھ روپے یعنی 16.1 فیصد کے مثبت فرق پر منتج ہوئے۔ ایس ڈی آر کے چارجز کی کم شرح، شرح مبادلہ بڑھنے کی بنا پر غیر مؤثر ہوگئی۔

کارپوریٹ اخراجات میں نوٹوں کی طباعت اور ایجنسی کمیشن کے اخراجات کا منفی فرق زیادہ تر ایس ڈی آر چارجز کے مثبت فرق کی وجہ سے غیر مؤثر ہوگیا۔ نتیجے کے طور پر کارپوریٹ اخراجات میں مجموعی فرق 3 کروڑ 20 لاکھ روپے یعنی 0.5 فیصد کے مجموعی فرق پر منتج ہوا۔

10.3 قائم اخراجات

قائم اخراجات میں ملازمین کی تنخواہیں، فوائد اور تربیتی خرچ شامل ہے۔ قائم اخراجات میں 9 کروڑ 20 لاکھ روپے یعنی 2.1 فیصد کا اضافہ دیکھا گیا۔ یہ مثبت فرق نئے ملازمین کی بھرتی میں تاخیر کی بنا پر ہے۔

10.4 رواں اخراجات

رواں اخراجات میں نباف سمیت کرایے، ریٹس اور ٹیکس، قانونی اور پیشہ ورانہ اخراجات، اسٹیشنری، مطبوعات، مواصلات، سفری خرچ، مرمت، گھسائی وغیرہ شامل ہیں۔ مجموعی طور پر رواں اخراجات میں 16 کروڑ 80 لاکھ یعنی 6.9 فیصد کا مثبت فرق رہا جو زیادہ تر کم قانونی فیس، ای ڈی پی کی مین ٹی ننس، مواصلات اور گھسائی میں بجٹ سے کم فرق ہونے کی وجہ سے ہوا۔